سوال

(192) روزے کی حالت میں مشت زنی کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بحالت روزہ مشت زنی سے منی کا اخراج ہوجائے توکیا اس سے روزہ ختم ہوجاتا ہے ۔ اگر ختم ہوجاتا ہے تو اس کی تلافی کیسے ہوگی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگرروزہ دارنے بحالت روزہ مشت زنی کی اوراس سے انزال ہوگیا توروزہ ٹوٹ جائے گا اوراس پراس روزے کی قضالازم ہے ۔کفارہ کے متعلق مجھے اس کی صراحت نہیں مل سکی ہے ، اگرچہ قرآن وحدیث میں کفارہ صرف جماع کی صورت میں واجب ہوتا ہے ، لیکن مشت زنی کرنے والا ،بحالت روزہ رمضان کی بے حرمتی کامرتکب ہواہے اوراس نے جماع کی طرح لذت بھی حاصل کی ہے ، اس لئے ہمارے رجحان کے مطابق سزا کے طورپر قضا کے ساتھ ساتھ اسے کفارہ بھی دیناچاہیے تاکہ آیندہ وہ ایسی حرکت نہ کرے ، کفارہ ساٹھ مسکینوں کوکھاناکھلانا ہے ، جیساکہ جماع کے متعلق کفارہ کی تفصیل حدیث میں بیان ہوئی ہے ۔[صحیح بخاری ،۱۹۳۶]

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد:2 صفحہ:230